فوری ریلیز کے لیے: 2022/7/18 گورنر KATHY HOCHUL

## گورنر HOCHUL خاندانی موقع جاتی مراکز (FOC) کو $12 ملین کے فنڈ دینے کا اعلان کرتی ہیں تاکہ خاندانوں کی معاونت کی جائے اور بچوں سے بدسلوکی اور غلط علاج معالجے کی روک تھام کی جائے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نیویارک ریاست 28 فروری 2026 تک مجموعی طور پر $12 ملین کے گرانٹس ایوارڈ کرے گی، جو خاندانی موقع جاتی مراکز کو فنڈ کیے جائیں گے، جو کہ کمیونٹی میں قائم شدہ یا سکول میں قائم شدہ پروگرامز ہیں جو خاندانوں کو مضبوط بنانے والی اور بچوں اور خاندانوں کی سلامتی اور تندرستی کو بہتر بنانے والی خدمات فراہم کرتے ہیں۔

"خاندانوں کو کمیونٹی میں قائم شدہ خدمات کی ضرورت ہے جو صحت مند اور خوش باش بچوں کو پروان چڑھانے میں والدین اور نگہداشت کنندگان کی معاونت کریں اور اس دباؤ کو کم کریں جو اکثر تمام کے تمام خاندانوں کی تندرستی کو گھٹا دیتا ہے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مجھے خاندانی موقع جاتی مراکز کو فنڈ کرنے پر فخر ہے، جو مصدقہ پروگرامز ہیں جو نیویارک ریاست میں متنوع خاندانوں کی معاونت کرتے ہیں، اور ہم خاندانوں کی معاونت کے لئے ٹھوس قدم اٹھانا جاری رکھیں گے اور بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور غفلت کو کم کرنے میں، خاندان کے استحکام کو مضبوط کرنے، اور بچوں کی نشوونما کو بڑھانے میں مدد کریں گے۔"

"ایک والد کے طور پر، میرا دل دکھتا ہے کہ ہمارے درمیان نیویارک ریاست میں ایسے بچے موجود ہیں جو بچوں کی بدسلوکی اور غلط علاج معالجے کا شکار ہو رہے ہیں،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "ہم پر واجب ہے کہ ہم خاندانوں کے لئے وسائل کو دستیاب بناتے ہوئے سلامتی کو یقینی بنائیں جو کہ بدسلوکی کو روکنے میں مدد دیں گے اور ہمیں ایک کمیونٹی کے طور پر اکٹھے کام کرنے میں مدد دیں گے تاکہ ہم خوش باش، صحت مند بچوں کو پروان چڑھائیں۔"

یہ اقدام نیویارک ریاست کے بچوں اور خاندانوں کی خدمات کے دفتر ( New York State Office of Children and Family Services، OCFS) اور ریاستی محکمۂ تعلیم (State Education Department، SED) کے درمیان ایک اشتراک پر قائم ہے۔ OCFS گرانٹس کا انتظام دیکھے گا، ریاستی فنڈز اور امریکی ریسکیو پلان (American Rescue Plan) میں شامل وفاقی کمیونٹی میں قائم شدہ بچوں کی بدسلوکی سے بچاؤ کے پروگرام (Community-Based Child Abuse Prevention، CBCAP) کے ذریعے دستیاب بنائے گا۔ OCFS اور SED کے درمیان یہ تاریخی شراکت داری ایجنسیوں کے مشترکہ اہداف کی عکاسی کرتی ہے تاکہ خاندانوں کو مضبوط بنایا جائے اور خاندانوں میں ہم آہنگی کو بہتر بنانے کے لیے سیلوس کا خاتمہ کیا جائے۔
(Family opportunity centers) FOCs خاندانی ذریعے کے مرکز کا ماڈل ( family resource center، FRC) ہیں جن کو خاندانوں کو مضبوط بنانے، ان کے تحفظاتی عوامل میں اضافہ کرنے، والدین اور بچوں کی ذہنی صحت کی معاونت کرنے، بہتر تعلیمی نتائج کی معاونت کرنے اور بچوں کی تندرستی کو بڑھانے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ FOC پروگرامز تدارکی خدمات کا ایک وسیع سلسلہ پیش کریں گے جس میں رسمی اور غیر رسمی پرورش، سماجی تعلقات بنانا، سکول میں بچے کی کامیابی کو بہتر بنانا، خاندانوں کی ٹھوس ضروریات پوری کرنا اور ذہنی صحت کی راہ میں حائل رکاوٹوں پر قابو پانا اور/یا حسبِ ضرورت منشیات کے استعمال کے عارضوں کی خدمات شامل ہوں گی۔ خاندانوں کو اپنی کمیونٹیز کے اندر آسان اور خوش آئند مقامات پر ان قابلِ قدر خدمات تک رسائی حاصل ہو گی۔

گرانٹ فنڈنگ کو اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ بچاؤ کی ابتدائی خدمات کو نافذ کرے اور کمیونٹی میں قائم شدہ اور سکول میں قائم شدہ پروگرامز کی معاونت کرے تاکہ سکول اور خاندان کی معاونت کے ذرائع کو بڑھایا جائے اور تحفظاتی عوامل میں اضافہ کیا جائے جس سے بچوں سے بدسلوکی/ غلط سلوک برتے جانے کا خطرہ کم ہو اور طلبہ کے لئے تعلیمی نتائج کو بہتر بنایا جائے۔

**بچوں اور خاندان کی خدمات کے دفتر کی کمشنر Sheila J. Poole نے کہا،** "تحقیق ظاہر کرتی ہے کہ کسی کمیونٹی میں خاندانی ذرائع کے مراکز کی موجودگی سے بچوں کی بدسلوکی اور غفلت کے کیسز میں 45 فی صد تک کمی آتی ہے۔ تدارک میں سرمایہ کاری کرنے سے مداخلت کی مہنگی ترین خدمات کی ضرورت میں بھی کمی آتی ہے جو بدسلوکی اور غلط سلوک برتے جانے کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہے۔ بچپن کے منفی تجربات کی تعداد جتنی زیادہ ہوتی ہے، صحت کی متعدد طویل مدتی مشکلات کے خطرے میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہم یہ خاندانی موقع جاتی مراکز پیش کرر ہے ہیں۔"

**ریاست کی تعلیمی کمشنر Betty A. Rosa نے کہا،** "ایک مرتبہ پھر یہ ایک لمحۂ فکریہ ہے کہ کم خاندانی معاونتی خدمات کیسے فراہم کریں اور اس کام کو ایک جامع اور باہمی انداز میں کیسے کریں جو سب بچوں، پورے خاندان، اور پوری کمیونٹی کے کام آئے۔ باہم کام کرتے ہوئے، ہماری ایجنسیاں مربوط ردعمل کے لئے ایک ایسا موقع پیدا کریں گی جو مؤثر اور تہذیبی اعتبار سے کامل ہو، اور سب کو خیر مقدم کرنے والی جگہیں فراہم کرے۔"

SED فنڈنگ کے لئے اہل درخواست دہندگان کو نیویارک ریاست کے سرکاری سکول ڈسٹرکٹس ہونا چاہیئے جن میں 2019-20 کے مالی اعتبار سے کمزور طلبہ کی شرح اس سے زیادہ ہو جو ریاست کی اوسط سطح ہے جو مڈل اور جونیئر سکول کے طلبہ اور ان کے خاندانوں کے کام آئیں۔ OCFS CBCAP فنڈنگ کے لئے اہل درخواست دہندگان کمیونٹی میں قائم شدہ، عقیدہ پر قائم شدہ یا سکول میں قائم شدہ تنظیمیں ہوں جو غیر منافع بخش تنظیموں اور/یا سرکاری ایجنسیوں کے لئے نہ ہوں جو مندرجہ ذیل میں سے ایک یا ایک سے زیادہ کے کام آنے کے لئے مجوزہ ہوں: البانی، الیگینے، بروم، کیٹارگس، سےیوگا، چاوٹاکوا، چیمنگ، شینانگو، کلنٹن، کولمبیا، کورٹلینڈ، ڈیلاویئر، ڈچس، ایری، ایسکس، فرینکلن، فلٹن، جینیسی، گرین، ہملٹن، ہرکِمر، جیفرسن، لیوس، لیونگسٹن، میڈیسن، مونرو، مونٹگومری، ناسو، نیاگرا، اونیڈا، اونونڈگا، اونٹاریو، اورنج، اورلینز، اوسیگو، اوٹسیگو، پٹنام، رینسیلز، راکلینڈ، ساراٹوگا، شینیکٹیڈی، شوہور، شوئلیر، سینیکا، سینٹ لارنس، سٹیوبن، سفولک، سولیوان، ٹیوگا، ٹامپکنز، السٹر، وارین، واشنگٹن، وائن، ویسٹچیسٹر، وائمنگ اور ییٹس۔

اضافی معلومات اور جمع کرنے کے تقاضوں کے لئے براہ کرم OCFS فنڈنگ مواقع کی ویب سائٹ دیکھیں۔
درخواستیںNYS گرانٹس گیٹ وے میں جمع کروانی چاہیئں۔

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov

ان سبسکرائب کریں